شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16 جنوری 2026ء

پریس ریلیز

ایران کے خلاف امریکی اقدامات مسلم ممالک کے لیے متحد ہونے کا سنہرا موقع ہے۔
مسلم ممالک عسکری اتحاد قائم کریں جس کا مقصد باطل قوتوں کا خاتمہ اور اسلام کا غلبہ ہو۔
(شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): ایران کے خلاف امریکی اقدامات مسلم ممالک کے لیے متحد ہونے کا سنہرا موقع ہے۔ مسلم ممالک عسکری اتحاد قائم کریں جس کا مقصد باطل قوتوں کا خاتمہ اور اسلام کا غلبہ ہو۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنھوں نے کہا کہ ابلیسی اتحادِ ثلاثہ یعنی اسرائیل، امریکہ اور بھارت فلسطین اور عالمِ عرب سے آگے بڑھ کر اب عالمِ عجم پر مختلف طریقوں سے حملہ آور ہو رہے ہیں۔ حال ہی میں ایران کو خانہ جنگی میں ملوث کرنے اور ایران کرنسی کو بے وقعت کرنے کی سازش کی گئی، جس کا نہ صرف ایرانی قوم مل کر مقابلہ کر رہی ہے بلکہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب نے بھی ایران کی بھرپور مدد کی ہے۔ مغربی میڈیا کی دوغلی پالیسی کا یہ حال ہے کہ ایرانی حکومت کے خلاف مظاہرین کی تو بڑے پیمانے پر رپورٹنگ کی جا رہی ہے جبکہ ایرانی حکومت کے حق میں لاکھوں افراد کے مظاہروں کا مکمل بلیک آؤٹ کیا جا رہا ہے۔ اُنھوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اِس بیان کی شدید مذمت کی کہ ایرانی حکومت کے خلاف مظاہرین جمے رہیں، امریکہ اُن کی بھرپور مدد کرے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ مختلف ممالک میں رجیم چینج کرنا امریکہ کی پالیسی کا اہم ستون ہے اور ٹرمپ ایران میں بھی وینیز ویلا جیسی واردات کرنا چاہ رہا ہے۔ پھر یہ کہ امریکی ڈالر کے علاوہ دیگر کرنسیوں میں ایرانی تجارت کو دھچکا لگانے کے لیے اُن تمام ممالک پر 25 فیصد ٹیرف کا اعلان کیا گیا ہے جو باہمی کرنسیوں میں ایران کے ساتھ تجارت کرتے ہیں۔ امیر تنظیم نے ترکیہ کے اِس اعلان کو انتہائی خوش آئند قرار دیا کہ وہ پاک۔ سعودی دفاعی معاہدے کا حصّہ بننا چاہتا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ضرورت اِس امر کی ہے کہ دیگر مسلم ممالک بھی اِس عسکری معاہدے میں شامل ہوں اور اُس کے دائرہ کار کو بڑھا کر نہ صرف دنیا کے مظلوم مسلمانوں کے دفاع اور اسلام کے تمام مقدس مقامات کی حفاظت بلکہ دین کے غلبہ اور اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کو دنیا بھر میں نافذ کرنے کو اِس معاہدے کی بنیاد بنایا جائے۔ اگر تمام مسلم ممالک مل کر ایک سیاسی، معاشی اور عسکری اتحاد قائم کر لیتے ہیں تو دشمن کے تمام مذموم مقاصد بُری طرح ناکام ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ!

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرو اشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: January 16th, 2026

U.S. actions against Iran present a golden opportunity for Muslim countries to unite.

Muslim countries should establish a military alliance aimed at eliminating rogue powers and establishing the dominance of Islam.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the malevolent triad comprising Israel, the United States, and India has now moved beyond Palestine and the Arab world and has begun attacking the non-Arab Muslim world through various means. Recently, conspiracies were hatched to drag Iran into civil unrest and to devalue its currency. Not only has the Iranian nation collectively resisted these plots, but Pakistan, Türkiye, and Saudi Arabia have also extended full support to Iran. He pointed out the duplicity of Western media, which extensively reports protests against the Iranian government while imposing a complete blackout on demonstrations involving millions in support of the Iranian state. He strongly condemned U.S. President Donald Trump's statement urging protesters to persist against the Iranian government with the assurance of full American backing. In reality, regime change in different countries is a core pillar of U.S. policy, and Trump seeks to replicate in Iran what was attempted in Venezuela. Furthermore, to undermine Iran's trade conducted in currencies other than the U.S. dollar, a 25 percent tariff has been announced against all countries engaging in trade with Iran using mutual currencies. The Ameer described Türkiye's announcement expressing its desire to become part of the Pakistan-Saudi defense agreement as extremely welcome. He said that it is imperative for other Muslim countries to also join this military pact and to expand its scope so that its foundation is not only the defense of oppressed Muslims worldwide and the protection of all Islamic holy sites, but also the establishment of the dominance of Islam and the global enforcement of the Islamic system of collective justice. If all Muslim countries unite to form a political, economic, and military alliance, all malicious designs of the enemy will fail decisively. Insha'Allah.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat